We Provide The Standard

5

زندگی گزارنے کے آداب

ائمہ علیہم السلام کے ارشادات کی روشنی میں

خصال

شیخ الصدوق رح

AL-KISA®
PUBLISHERS
R-159 Sector 5-B/2 North Karachi, Uc-12, 75850

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

نام کتاب	خصال
مؤلف	شیخ الصدوق علیہ الرحمہ
تحقیق و تشریح	محمد باقر کمرہ ای
مترجم	عمران رجانی
مترجم تشریحات	ملیکہ خاتون کاظمی
تزئین و تصحیح	سید فیضیاب علی رضوی
کمپوزنگ	الکساء پبلیشرز (آرٹ ڈیپارٹمنٹ)
اشاعت اول	اکتوبر ۲۰۰۳، رمضان ۱۴۲۳
اشاعت دوئم	جولائی ۲۰۰۸، رجب ۱۴۲۹

We Provide The Standard

AL-KISA®
PUBLISHERS

R-159 Sector 5-B/2 North Karachi, Uc-12, 75850
Ph# 021-8205932 E-mail# Alkisapublishers@hotmail.com

سے منقول ہے) اور اس طرح یہ دو حدیثیں اُن پر ہماری حجت ہیں۔

﴿۲﴾ **غسل کیے چودہ مواقع:** میرے والدؒ نے ہم سے روایت بیان کی، کہا: سعد ابن عبداللہ نے احمد ابن محمد ابن عیسیٰ کے ذریعہ ہم سے روایت بیان کی، اس نے احمد ابن ابونصر بزنطی سے، کہا: عبداللہ ابن سنان نے ہم سے روایت بیان کی ہے کہ امام جعفر صادق نے فرمایا: غسل چودہ موقعوں پر کیا جاتا ہے: غسل میت، غسل جنابت، غسل میت دینے والے کا غسل، غسل جمعہ، عید فطر اور عید الاضحیٰ کا غسل، عرفہ کے روز کا غسل، غسل احرام، کعبہ میں داخل ہونے کا غسل، مدینہ میں داخل ہونے کا غسل، حرم میں داخل ہونے کا غسل، غسل زیارت، رمضان کی انیس، اکیس اور تیسویں رات کا غسل۔

﴿۳﴾ **اصحاب عقبہ کی تعداد چودہ ہے:** احمد ابن محمد ابن ہیثم عجلیؒ کہتے ہیں: یحییٰ ابن زکریا قطان نے ہم سے روایت بیان کی، کہا: بکر ابن عبداللہ ابن حبیب نے ہم سے روایت بیان کی، کہا: تمیم ابن بہلول نے اپنے والد کے ذریعہ ہم سے روایت بیان کی، اس نے عبداللہ ابن فضل ہاشمی سے، اس نے اپنے والد سے، اس نے زیاد ابن منذر سے، کہا: مشائخ کی ایک جماعت نے حذیفہ ابن یمان کے ذریعہ مجھ سے روایت نقل کی کہ جن لوگوں نے جنگ تبوک سے واپسی پر رسول خداؐ کے ناقہ کو پریشان کیا تھا ان کی تعداد چودہ ہے: ابوالشرور، ابوالدواہی، ابوالمعازف، اس کا باپ، طلحہ، سعد ابن ابی وقاص، ابوعبیدہ، ابوالاعور، مغیرہ، ابوحذیفہ کا غلام سالم، خالد ابن ولید، عمرو ابن عاص، ابوموسیٰ اشعری اور عبدالرحمٰن ابن عوف۔

نیز یہی وہ افراد ہیں کہ جن کے بارے میں اللہ عزوجل نے فرمایا ہے: وھموا بما لم ینالوا۔ ایسی بات کا عزم کیا جسے نہ کر سکے۔ (سورۂ توبہ - آیت ۷۴)